پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے؟

اور (مویشیوں) میں ان کے لیے طرح طرح کے فوائد اور مشروبات ہیں
مگر وہ شکر نہیں کرتے!

شکر کرو تو --- اللہ کا وعدہ ہے کہ
ضرور بالضرور خوب زیادہ نعمتوں سے نوازے گا!

نعمتیں بھی کیسی کیسی اور کتنی کتنی'

شمار کرو تو نہ کر سکو
--- لیکن' ایک دن ہر نعمت کے بارے میں ضرور سوال کیا جائے گا!

پھر شکر کیوں نہ کریں؟

زبان شکر سے ضرور تر رہے' لیکن صرف یہ کافی نہیں
شکر یہ ہے کہ نعمت' دینے والے کی رضا کے خلاف استعمال نہ ہو
نعمتوں کو خیال میں لاتے جاؤ --- اور دیکھتے جاؤ
رضا کے خلاف استعمال ہی کفران نعمت ہے'

کافر نعمت نہ بنو' شکر گزار بندے بنو'

شکر کو زندگی کا طریقہ اور رویہ بنا لو!

فرمایا اللہ کے رسولؐ نے : افلا اکن عبدا شکورا

(خیر خواہ)